# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 10 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۰/جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ملک کو دنیا بھر میں ہندوستانی برادری کی عظیم کامیابیوں پر فخر ہے: وزیرِ اعظم کا بیان۔ صدرِ جمہوریہ کی موجودگی میں آج پرواسی بھارتی دِن کانفرنس کا اختتام۔

☆ آفاتِ سماوی کی وجہ سے متاثرہ کسانوں کو ریاستی حکومت کی جانب سے اب تک 535 کروڑ سے زائد کی امداد تقسیم۔

☆ کانگریس قائد سچن پائلٹ کا GST کے ڈھانچے میں اصلاحات کا مطالبہ۔

☆ 3 تا 15 فروری تک ریاست کی تمام جیلوں میں تپ دِق کیمپ کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ مادرِ رحم میں لڑکیوں کے قتل کی روک تھام کیلئے چھترپتی سمبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر کی عوام سے پہل کرنے کی اپیل۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارتی برادری پوری دنیا میں اچھا کام کر رہی ہے اور ملک کو اس پر فخر ہے۔ وزیرِ اعظم نے کل اڑیسہ کے بھونیشور میں 18 ویں پرواسی بھارتی دِن کانفرنس کا افتتاح کیا۔

*’’سال 1947 میں بھارت کو آزادی ملی، اس میں ایک بڑا رول ہمارے ڈائسپورا کا بھی رہا ہے۔ انھوں نے وِدیشوں میں رہ کر بھارت کی آزادی کیلئے کنٹریبیوٹ کیا۔ اب ہمارے سامنے 2047 کا ٹارگیٹ ہے۔ ہمیں بھارت کو وِکست دیش - ایک ڈیولپ نیشن بنانا ہے۔ آپ آج بھی بھارت کی گروتھ میں شاندار کانٹریبیوشن کر رہے ہیں اور وکست بھارت کی جرنی کو طاقت دے سکتے ہیں۔ آپ کا ہر پریاس بھارت کو مضبوط کرے گا۔‘‘*

دریں اثناء پرواسی بھارتی دِن کانفرنس آج صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو کی موجودگی میں اختتام پذیر ہوگی۔ مختلف شعبوں میں نمایاں کام کرنے والے بیرون ملک مقیم بھارتیوں کو آج ’’راشٹرپتی پرواسی بھارتی‘‘ اعزاز سے نوازا جائے گا۔ اس سال اس تین روزہ کانفرنس کا مقصد ترقی یافتہ بھارت میں سمندر پار بھارتیوں کا تعاون ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ریاست کے 423 شہروں میں شہریوں کے معیارِ زندگی کو بلند کرنے کیلئے تمام ضروری اور معیاری سہولیات فراہم کرتے ہوئے ہمہ جہت ترقی کا مقصد بنانے کی ہدایات دی ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ نے کل مختلف محکموں کے کاموں اور آئندہ سو دِنوں میں کیے جنے والے منصوبوں کے حوالے سے منعقد کیے گئے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیرِ اعلیٰ نے یہ تجویز بھی دی ہے ہ صنعتی ترقی کارپوریشن میں سیٹوں کی تقسیم کا عمل آئندہ 100 دنوں میں مکمل کیا جائے اور وقت کے ساتھ ساتھ صنعتی پالیسی میں تبدیلی کے حوالے سے فوری منصوبہ تیار کیا جائے۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے کہا ہے کہ بیڑ ضلع میں سنتوش دیشمکھ قتل معاملے میں جو بھی قصوروار ہیں ان کے خلاف کارروائی کی جائیگی' خواہ وہ کسی بھی پارٹی سے ہو۔ وہ کل پونے میں صحافیوں سے خطاب کرر ہے تھے۔ پوار نے کہا کہ وزیرِ اعلیٰ نے بھی اس معاملے کے مجرموں کے خلاف سخت کارروائی کا مؤقف اختیار کیا ہے۔ انھوں نے کہا آج ایس آئی ٹی اور سی آئی ڈی کی جانچ جاری ہے' ریاست کے وزیرِ اعلیٰ نے کہا ہے کہ جو بھی مجرم ہوگا اس کے خلاف فوری کارروائی کی جائیگی۔ میں نے بھی وزیرِ اعلیٰ سے مل کر اس معاملے میں پارٹی نہ دیکھتے ہوئے کسی پر بھی رحم نہ کرنے کا کہا ہے۔

***** ***** *****

قدرتی آفات سے متاثرہ کسانوں کو راحت فراہم کرنے کیلئے ریاستی حکومت نے پانچ لاکھ 30 ہزار 45 کسانوں میں 535 کروڑ 65 لاکھ 74 ہزار 893 روپئے کی امداد تقسیم کی ہے۔ امداد کی یہ رقم متاثرہ مستفیدین کسانوں کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کیے جانے کی اطلاع امداد و بازآبادکاری کے وزیر مکرند جادھو پاٹل نے دی ہے۔

چھترپتی سمبھاجی نگر ڈویژن کے لاتور ضلع کے ایک لاکھ 68 ہزار 89 کسانوں کو 178 کروڑ 65 لاکھ روپئے' پربھنی ضلع کے ایک لاکھ 12 ہزار 648 کسانوں کو 121 کروڑ 64 لاکھ روپئے' بیڑ ضلع کے 39 ہزار 93 کسانوں کو 30 کروڑ 22 لاکھ' چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے تین ہزار 619 کسانوں کو تین کروڑ 23 لاکھ' ہنگولی ضلع کے دو ہزار 408 کسانوں کو ایک کروڑ 63 لاکھ' ناندیڑ ضلع کے ایک ہزار 886 کسانوں کو ایک کروڑ 58 لاکھ' جالنہ ضلع کے ایک ہزار 590 کسانوں کو ایک کروڑ 57 لاکھ، جبکہ دھاراشیو ضلع کے 342 کسانوں کو 32 لاکھ 50 ہزار 148 روپئے کی امداد تقسیم کی گئی ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

کانگریس قائد سچن پائلٹ نے گڈس اینڈ سروس ٹیکس GST کے ٹیکس ڈھانچے میں اصلاح کا مطالبہ کیا ہے۔ وہ گذشتہ روز ممبئی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرر ہے تھے۔ بے روزگاری' مہنگائی وغیرہ کے مسائل پر تنقید کرتے ہوئے پائلٹ نے کہا کہ مرکزی حکومت بجٹ میں GST کو تبدیل کر کے GST-2 نافذ کرے۔ انھوں نے کہا:

> *''اب سمئے آگیا ہے کہ سرکار کو GST-2.0 لانا چاہیے۔ ہماری مانگ ہے کیندر سرکار سے وِتّ منتری مودھیہ سے۔ کیونکہ اب دو تین ہفتوں کے اندر بجٹ پیش ہوگا۔ ہم لوگ چاہتے ہیں کہ اس کو نیشنلائز کیا جائے اور اگر کوئی ایسا ٹیکنیکل یہ سرکار لیکر آتی ہے تو اس کا سمرتھن کرنے کیلئے ہم تیار ہیں۔''*

***** ***** *****

مہاوکاس آگھاڑی حکومت کی معیاد کے ودھان پریشد کے گورنر کے مقرر کردہ 12 ارکانِ اسمبلی کے تقرر کی سفارش کی فہرست شندے حکومت نے واپس لے لی تھی۔ اس کو شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کے کولہاپور کے لیڈر سنیل مودی نے ہائی کورٹ میں چیلنج کیا ہے۔ اس عرضی کو ہائیکورٹ نے خارج کردیا ہے۔ اس فیصلے کیخلاف سپریم کورٹ جانے کی خواہش انھوں نے ظاہر کی۔

***** ***** *****

آئندہ تین تا 15 فروری کے دوران ریاست کی تمام جیلوں میں تپِ دق کیمپ کا انعقاد کیا جائے گا۔ ملک بھر میں جاری انسدادِ تپِ دق مہم کے تحت مرکزی وزارتِ داخلہ نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کو خط لکھ کر تمام جیلوں اور سدھار گھروں میں 100 دنوں میں اس مہم کو عمل میں لانے کے احکامات دیئے ہیں۔

دریں اثنا‘‘اس مہم کے تحت کل ناندیڑ میں ایکسپریس گاڑی کا میونسپل کمشنر مہیش کمار ڈوئی پھوڑے کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا‘ جبکہ لاتور ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکرے گھوگے کے ہاتھوں تپِ دق مریضوں کواغذیہ سے پُر کھانا تقسیم کیا گیا۔

***** ***** *****

ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں جنین کی جانچ اوراس کے بعد لڑکیوں کے قتل کو روکنے کیلئے آگے آئیں۔وہ گذشتہ روز اس سلسلے میں اجلاس کے بعد گفتگو کررہے تھے۔انھوں نے کہا کہ انتظامیہ نے محسوس کیا ہے کہ ضلع میں چلتی گاڑیوں میں غیر مجاز افراد حمل ٹیسٹ کروارہے ہیں، جبکہ اس سلسلے میں سخت اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔سوامی نے کہا کہ اگر شہریوں کو اس بارے میں کوئی اطلاع ملتی ہے تو وہ ٹول فری نمبر 75 44 233 1800 پر اطلاع دیں۔اطلاع دینے والوں کا نام مخفی رکھا جائے گا اور متعلقہ فرد کو انعام دیا جائے گا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے لائنس کلب چکل تھانہ شاخ کی جانب سے پدم شری ڈاکٹر شرد کمار دِکشت کی یاد میں مفت پلاسٹک سرجری کیمپ کا آج سے آغاز ہورہا ہے۔مہاتما گاندھی مشن اور کیمسٹ اینڈ ڈرگسٹ اسوسی ایشن کے اشتراک سے منعقدہ اس کیمپ میں آج صبح لائنس کلب کے آنکھوں کے اسپتال میں مریضوں کا رجسٹریشن اور معائنہ کیا جائے گا‘ جبکہ کل سے 14 جنوری تک ایم۔جی۔ایم۔اسپتال میں سرجری کی جائیگی۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے کے گرام پنچایت انتخابات کے اخراجات کا حساب پیش نہ کرانے والے ایک ہزار پینتالیس افراد کو پانچ سال کیلئے انتخاب لڑنے کیلئے نااہل قرار دے دیا گیا ہے۔ضلع کلکٹر ابھینو گوئل نے اس سلسلے میں احکامات جاری کئے۔2021 میں 563 گرام پنچایتوں کے انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں نے انتخابی اخراجات کا حساب جمع نہ کرنے کی پاداش میں یہ کارروائی کی گئی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم زرعی سینچائی اسکیم‘ سیرابی علاقے ترقیات کے دوسرے مرحلے کے تحت پربھنی ضلعے میں تین منظورہ پروجیکٹوں میں سے ہر پروجیکٹ میں دو، اس طرح مجموعی طور پر چھ دیہاتوں کا انتخاب کیا گیا ہے۔پربھنی کے ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوَڑے نے یہ اطلاع دی۔ان میں گنگا کھیڑ تعلقے کے پڑیگاؤں، بَن پمپلا، بیلواڑی اور گھٹانگرا‘ جبکہ جنتور تعلقے کے ساونگی مہاڑسا اور مانکیشور دیہات شامل ہیں۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے میں اس سال کے خریف ہنگام میں شدید بارشوں سے ہونے والے نقصانات کیلئے ریاستی حکومت کو 25 فیصد پیشگی بیمہ کی تجویز پیش کی گئی ہے۔رُکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے بتایا کہ کسانوں کو ان کے حق کا 25 فیصد پیشگی بیمہ دلانے کی ہم کوشش کررہے ہیں۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ملک کو دنیا بھر میں ہندوستانی برادری کی عظیم کامیابیوں پر فخر ہے: وزیرِ اعظم کا بیان۔ صدرِ جمہوریہ کی موجودگی میں آج پرواسی بھارتی دِن کانفرنس کا اختتام۔

☆ آفاتِ سماوی کی وجہ سے متاثرہ کسانوں کو ریاستی حکومت کی جانب سے اب تک 535 کروڑ سے زائد کی امداد تقسیم۔

☆ کانگریس قائد سچن پائلٹ کا GST کے ڈھانچے میں اصلاحات کا مطالبہ۔

☆ 3 تا 15 فروری تک ریاست کی تمام جیلوں میں تپِ دِق کیمپ کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ مادرِ رحم میں لڑکیوں کے قتل کی روک تھام کیلئے چھترپتی سمبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر کی عوام سے پہل کرنے کی اپیل۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****